© rasailojaraid.com



# پاکستان میں ورلڈ اسلامک فورم کے حلقہ کا قیام

ورلڈ اسلامک فورم کے سیکرٹری جنرل اور ابراہیم کمیونٹی کالج لندن کے استاد حدیث وفقہ مولانا مفتی برکت اللہ گزشتہ ماہ پاکستان تشریف لائے اور ادارہ علوم اسلامی اسلام آباد میں مولانا فیض الرحمٰن عثمانی اور ان کے رفقا کے ساتھ مختلف امور پر تبادلہ خیالات کے علاوہ الشریعہ اکادمی گوجرانوالہ میں ''عصر حاضر میں تدریس حدیث کے تقاضے'' کے عنوان پر منعقد ہونے والے سیمینار میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی، نیز لاہور میں اپنے شیخ حضرت سید نفیس شاہ الحسینیؒ کی خانقاہ میں حلقہ احباب اور رفقا سے ملاقاتیں کیں۔ مولانا مفتی برکت اللہ نے، جو دارالعلوم دیوبند کے فضلا میں سے ہیں اور حضرت سید نفیس شاہ الحسینیؒ کے خلیفہ مجاز ہیں، پاکستان میں ورلڈ اسلامک فورم کے حلقہ کے قیام کے لیے فورم کے سرپرست مولانا زاہد الراشدی کے مشورہ سے دو سال کے لیے مندرجہ ذیل تنظیمی ڈھانچہ تشکیل دینے کا اعلان کیا ہے:

| | | |
|---|---|---|
| چیئرمین | مولانا فیض الرحمٰن عثمانی | ادارہ علوم اسلامی، اسلام آباد |
| ڈپٹی چیئرمین | مولانا محمد رمضان علوی | مسجد عثمان غنی، جی ٹن مرکز، اسلام آباد |
| سیکرٹری جنرل | پروفیسر عبد الماجد | شعبہ عربی پنجاب یونیورسٹی، لاہور |
| ڈپٹی سیکرٹری جنرل | حافظ محمد عمار خان ناصر | الشریعہ اکادمی، گوجرانوالہ |
| سیکرٹری اطلاعات | پروفیسر خباب احمد خان | راولپنڈی |
| رابطہ سیکرٹری | مولانا قاری جمیل الرحمٰن اختر | مسجد امن باغبانپورہ، لاہور |

جبکہ مجلس عاملہ کے ارکان کا اعلان چیئرمین مولانا فیض الرحمٰن عثمانی بعد میں کریں گے۔

مولانا مفتی برکت اللہ نے کہا ہے کہ ورلڈ اسلامک فورم ایک نظریاتی، علمی اور فکری فورم ہے جو اسلامی تعلیمات کے فروغ، عالمی تہذیبی کشمکش کے تناظر میں اسلامی احکام وقوانین کی وضاحت اور دینی حلقوں میں فکری بیداری کے لیے گزشتہ دو عشروں سے سرگرم عمل ہے۔ اس کے چیئرمین مولانا محمد عیسیٰ منصوری ہیں اور ہیڈ آفس لندن میں ہے، جبکہ برطانیہ کے علاوہ بھارت اور بنگلہ دیش میں اس کے باقاعدہ حلقے کام کر رہے ہیں۔



© rasailojaraid.com